2025-08-15

Hrs 10.10

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسمیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

* ملک آج 79 واں یوم آزادی منا رہا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے دلی میں لال قلعے کی فصیل پر قومی پرچم پھہرایا اور ملک سے خطاب کیا۔

* وزیر اعظم نے آپریشن سندور کی کامیابی کیلئے فوجیوں کی بہادری کو سلام پیش کیا۔

* بھارت دشمن کی کسی بھی کوشش کو ناکام بنانے کیلئے ایک طاقتور ہتھیار نظام کی تشکیل کی خاطر مشن سدرشن چکر کا آغاز کرے گا۔

* وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت گگن یان کیلئے تیاری کررہا ہے اور ملک کا اپنا خلائی اسٹیشن تعمیر کرنے کی خاطر بھی کام جاری ہے۔

* وزیر اعظم مودی نے آئندہ سلسلے کی GST اصلاحات کی شکل میں دیوالی کے ایک بڑے تحفے کا وعدہ کیا۔

ئ* وزیر اعظم نے تقریباً ایک لاکھ کروڑ روپے کے خرچ کے ساتھ پردھان منتری وکسِت بھارت روزگار یوجنا کے آغاز کا اعلان کیا۔

* اور شطرنج میں

جرمنی کے گرینڈ ماسٹر Vincent Keymer نے Quantbox چنئی گرینڈ ماسٹرس 2025 کا خطاب جیت لیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Independceday

ملک آج اپنا 79 واں یوم آزادی منا رہا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے دلی کے تاریخی لال قلعے پر یوم آزادی کی تقریبات کی قیادت کی اور قومی پرچم پھہرایا۔

لال قلعے کی فصیل سے ملک سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے آپریشن سندور کے جانباز فوجیوں کو یہ کہتے ہوئے سلام پیش کیا کہ یہ کارروائی ملک کی مسلح افواج کی طاقت کا ایک واضح ثبوت تھی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے مسلح افواج کو حکمت عملی تیار کرنے، نشانہ طے کرنے اور وقت کا انتخاب کرنے کی مکمل آزادی دی تھی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کے بہادر فوجیوں نے دشمنوں کو ایک ایسا منہ توڑ جواب دیا جس کا انہیں گمان بھی نہ تھا۔

SB- PM Army Freehand / Op Sindoor

انہوں نے کہا کہ پہلگام میں دہشت گردوں کی وحشیانہ حرکت سے ہر بھارتی میں غصہ تھا اور آپریشن سندور اِس کا اظہار تھا۔ جناب مودی نے کہا کہ اب بھارت نے فیصلہ کیا ہے کہ خون اور پانی ایک ساتھ نہیں بہیں گے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت نیوکلیائی بلیک میل کو اب مزید برداشت نہیں کرے گا۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ یہ یوم آزادی امید اور امنگوں کا تہوار ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ موقع 140 کروڑ بھارتیوں کے عزم اور ملک کی حصولیابیوں کے جشن کا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ ملک مسلسل اتحاد کے جذبے کو مضبوط کررہا ہے۔

انہوں نے کہا کہ گزشتہ 75 برس سے بھارتی آئین ایک روشن مینار رہا ہے اور لوگوں کی رہنمائی کرتا رہا ہے۔

وزیر اعظم مودی نے کہا کہ ملک، ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی کی 125 ویں جینتی بھی منا رہا ہے جنہوں نے بھارتی آئین کیلئے اپنی زندگی وقف کردی۔ انہوں نے کہا کہ اُن کی حکومت نے جموں کشمیر میں ایک ملک ایک آئین کے نظریے کی تکمیل کی خاطر دفعہ 370 کو منسوخ کیا جو ملک کی جانب سے انہیں ایک سچا خراج عقیدت ہے۔

SB- PM Shyama Prasad/ Dhara 370

وزیر اعظم نے کہا کہ گزشتہ عرصے میں ملک نے قدرتی آفات، چٹانوں کے ٹکڑے گرنے، بادل پھٹنے اور کئی دیگر آفات کا سامنا کیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ ریاستی اور مرکزی حکومت بچاؤ کارروائیوں، امدادی کوششوں اور بازآبادکاری کیلئے پوری طاقت کے ساتھ مل کر کام کررہی ہیں۔

SB- PM Disasters + Centre Help

وزیر اعظم مودی نے کہا ہے کہ بھارت، ہتھیار کا ایک طاقتور نظام پیدا کرنے کے لیے مشن سُدرشن چکر لانچ کرے گا، تاکہ دشمنوں کے کسی بھی کوشش کو ناکام بنایا جا سکے۔ جناب مودی نے کہا کہ اگلے 10 برسوں میں 2035 تک اس قومی سکیورٹی نظام کی توسیع کی جائے گی، مستحکم کیا جائے گا اور اس کی جدیدکاری کی جائے گی۔

S/B - Sudarshan Chakra

وزیر اعظم مودی نے پچھلے ایک سو سالوں میں ملک کی خدمت کے تئیں RSS کارکنوں کے جذبے کو سلام کیا۔ انہوں نے کہا کہ ویکتی نرمان سے راشٹر نرمان کے عہد کے ساتھ  سوئیم سیوَکوں نے ملک کی فلاح و بہبود کے لیے اپنی زندگی وقف کی ہے۔

انہوں نے کہا RSS دنیا کی سب سے بڑی تنظیم ہے، جس کے پاس اپنے آپ کو وقف کرنے کے 100 سال کی تاریخ ہے۔

وزیر اعظم نے ایک نئے چیلنج کی طرف بھی ملک کے عوام کو توجہ دلائی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی آبادی کی نوعیت تبدیل کی جا رہی ہے اور ایک نئے بحران کا بیج بویا جا رہا ہے، جو قابلِ قبول نہیں ہے۔ وزیر اعظم نے ایک ہائی پاورڈ ڈیمو گرافی مشن کے قیام کا بھی اعلان کیا۔ ×

وزیر اعظم مودی نے کہا کہ سرکار اب بھارت کو ایک خودکفیل اور ترقی یافتہ ملک بنانے کے لیے کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آتم نربھر بھارت، وِکست بھارت کی بنیاد ہے اور آج ملک تمام شعبوں میں ایک نیا ایکو سسٹم تیار کر رہا ہے۔

S/B - PM Aatmnirbharta Samarth

جناب مودی نے نوجوان سائنسدانوں، صلاحیت مند نوجوانوں، انجینئروں، پیشہ وارانہ افراد اور سرکار کے سبھی شعبوں سے اپیل کی کہ وہ طیارے کے لیے میڈ اِن انڈیا فائٹر جیٹ انجن تیار کریں۔

وزیر اعظم مودی نے اس بات کا ذکر کیا کہ بھارت نے تمام رکاوٹوں کو دور کیا اور مشن موڈ میں سیمی کنڈکٹرس پر کام کرنے کے لیے آگے بڑھ رہا ہے۔

S/B - PM Made in India Chips

وزیر اعظم مودی نے کہا کہ ملک اپنی توانائی کی ضرورتوں کے لیے بہت سے ملکوں پر منحصر ہے، چاہے وہ پیٹرول، ڈیزل یا گیس ہوں اور ان کی درآمدات پر لاکھوں کروڑوں روپے خرچ ہوتے ہیں۔ انہوں نے یہ کہتے ہوئے توانائی کے شعبے میں خودکفالت حاصل کرنے پر زور دیا کہ پچھلے 11 برس میں شمسی توانائی کی پیداوار میں 30 گُنا اضافہ ہوا ہے۔

S/B - PM Energy Solar/ Hydro/Nuclear Invest

نیوکلیائی توانائی کے بارے میں جناب مودی نے کہا کہ 10 نئے نیوکلیائی ری ایکٹرس پر تیزی کے ساتھ کام چل رہا ہے اور 2047 تک سرکار نیوکلیائی توانائی کی صلاحیت 10 گُنا سے زیادہ بڑھانے کے عہد کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔×

وزیر مودی نے کہا کہ ملک خلائی شعبے میں کامیابی کا مشاہدہ کررہا ہے اور فخر کے احساس سے سرشار ہے۔ انہوں نے کہا کہ گروپ کیپٹن شوبھانشو شکلا بین الاقوام خلائی اسٹیشن سے واپس آگئے ہیں اور آئندہ کچھ روز میں وہ بھارت آئیں گے۔

جناب مودی نے کہا کہ خلائی شعبے میں بھارت گگن یان کیلئے تیاری کررہا ہے اور ملک کا اپنا خلائی اسٹیشن تعمیر کرنے کیلئے بھی کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ صرف خلائی شعبے میں ہی ملک کے 300 سے زیادہ اسٹارٹ اپس کام کررہے ہیں اور اِن میں ہزاروں نوجوان مکمل صلاحیت کا مظاہرہ کررہے ہیں۔

SB- Pm Spance Startup/ Youth Power

وزیر اعظم نے یہ بھی کہا کہ گزشتہ 8 برس میں حکومت نے GST میں اہم اصلاحات کی ہیں اور اب وہ آئندہ سلسلے کی GST اصلاحات متعارف کرے گی۔

SB- PM Diwali GST Next Reform

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ملک کے نوجوانوں کیلئے تقریباً ایک لاکھ کروڑ روپے کے خرچ کے ساتھ پردھان منتری وکسِت بھارت روزگار یوجنا کے آغاز کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس اسکیم کے تحت اُن نوجوانوں کو جنہیں نجی شعبے میں پہلی نوکری ملے گی، انہیں حکومت کی جانب سے 15 ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اِس اسکیم کے تحت 3 کروڑ 50 لاکھ نوجوانوں کیلئے روزگار کے نئے مواقع پیدا کئے جائیں گے۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

SB- PM Rozgar Yojana

وزیر اعظم مودی نے کہا ہے کہ بھارت، ہتھیار کا ایک طاقتور نظام پیدا کرنے کے لیے مشن سُدرشن چکر لانچ کرے گا، تاکہ دشمنوں کے کسی بھی کوشش کو ناکام بنایا جا سکے۔ جناب مودی نے کہا کہ اگلے 10 برسوں میں 2035 تک اس قومی سکیورٹی نظام کی توسیع کی جائے گی، مستحکم کیا جائے گا اور اس کی جدیدکاری کی جائے گی۔

S/B - Sudarshan Chakra

وزیر اعظم مودی نے پچھلے ایک سو سالوں میں ملک کی خدمت کے تئیں RSS کارکنوں کے جذبے کو سلام کیا۔ انہوں نے کہا کہ ویکتی نرمان سے راشٹر نرمان کے عہد کے ساتھ سوئیم سیوَکوں نے ملک کی فلاح و بہبود کے لیے اپنی زندگی وقف کی ہے۔

انہوں نے کہا RSS دنیا کی سب سے بڑی تنظیم ہے، جس کے پاس اپنے آپ کو وقف کرنے کے 100 سال کی تاریخ ہے۔

وزیر اعظم نے ایک نئے چیلنج کی طرف بھی ملک کے عوام کو توجہ دلائی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی آبادی کی نوعیت تبدیل کی جا رہی ہے اور ایک نئے بحران کا بیج بویا جا رہا ہے، جو قابلِ قبول نہیں ہے۔ وزیر اعظم نے ایک ہائی پاورڈ ڈیمو گرافی مشن کے قیام کا بھی اعلان کیا۔ ×

Chess Chennai Grand Masters

شطرنج میں جرمنی کے گرینڈ ماسٹر Vincent Keymer نے Quantbox چنئی گرینڈ ماسٹرس 2025 کا خطاب جیت لیا ہے۔ انہوں نے ایک راؤنڈ پہلے ہی یہ خطاب جیت کر پہلا واحد چمپئن بن کر تاریخ رقم کی ہے۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ضمیر رضوی

شکریہ - آسیہ

قومی راجدھانی دلّی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے یومِ آزادی کے موقع پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب کو صفحۂ اوّل پر جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق صدر جمہوریہ نے قوم سے خطاب کے دوران سودیسی مصنوعات کو اپنانے اور بدعنوانی کو جڑ سے اُکھاڑ پھینکنے کی اپیل کی۔

اس کے علاوہ راشٹریہ سہارا نے جموں و کشمیر کے کشتواڑ ضلعے میں بادل پھٹنے سے ہوئی تباہی کی خبر کو بھی صفحۂ اوّل کی شہ سرخی بنایا ہے۔ اس حادثے میں اب تک 38 افراد کی ہلاکت کی تصدیق ہوئی ہے، جبکہ 100 سے زیادہ افراد زخمی ہیں۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے یومِ آزادی کے موقعے پر پورے جموں و کشمیر میں سکیورٹی کے سخت انتظامات سے متعلق خبر کو نمایاں جگہ دی ہے۔ اخبار نے لکھا ہے کہ لائن آف کنٹرول اور بین الاقوامی سرحد پر فوج اور BSF کو ہائی الرٹ پر رکھا گیا ہے۔ وہیں جموں و کشمیر پولیس بھی ہائی الرٹ پر ہے۔

ہندوستان ایکسپریس کی دیگر سرخیاں ہیں:

* آوارہ کتّوں سے متعلق معاملے پر سپریم کورٹ میں بحث، سہ رکنی بنچ کا فیصلہ محفوظ

* مدھیہ پردیش کو ٹیکسٹائل ہب بنائیں گے: وزیر اعلیٰ موہن یادو

* پوتن نے یوکرین جنگ ختم نہ کی تو روس کو سنگین نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا: امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

* ملک آج 79 واں یوم آزادی منا رہا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے دلی میں لال قلعے کی فصیل پر قومی پرچم پھہرایا اور ملک سے خطاب کیا۔

* وزیر اعظم نے آپریشن سندور کی کامیابی کیلئے فوجیوں کی بہادری کو سلام پیش کیا۔

* بھارت دشمن کی کسی بھی کوشش کو ناکام بنانے کیلئے ایک طاقتور ہتھیار نظام کی تشکیل کی خاطر مشن سدرشن چکر کا آغاز کرے گا۔

* وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت گگن یان کیلئے تیاری کررہا ہے اور ملک کا اپنا خلائی اسٹیشن تعمیر کرنے کی خاطر بھی کام جاری ہے۔

* وزیر اعظم مودی نے آئندہ سلسلے کی GST اصلاحات کی شکل میں دیوالی کے ایک بڑے تحفے کا وعدہ کیا۔

ئ* وزیر اعظم نے تقریباً ایک لاکھ کروڑ روپے کے خرچ کے ساتھ پردھان منتری وکسِت بھارت روزگار یوجنا کے آغاز کا اعلان کیا۔

* اور شطرنج میں

جرمنی کے گرینڈ ماسٹر Vincent Keymer نے Quantbox چنئی گرینڈ ماسٹرس 2025 کا خطاب جیت لیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------